**FEROZE 1888 MILLS LIMITED**
*Manufacturers and Exporters of Specialized Yarn & Textile Products*
*Weaving a Better World®*

Corp-1/F1888/2023
23 June 2023

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Subject: **Notice of Extraordinary General Meeting**

Dear Sir,

Please find attached copy of the Notice of Extraordinary General Meeting scheduled to be held on Thursday, 20 July 2023 at 09:30 a.m. at **Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) Auditorium, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi / video link.**

Further, we intend to publish this Notice in **The Nation** (*in English*) and **Roznama Dunya** (*in Urdu*) in Karachi edition on 26 June 2023.

You may please inform the TRE certificate holders of the exchange accordingly.

Thanking you.

Yours truly,
*for* **Feroze1888 Mills Limited**

**Mudassir Moten**
Company Secretary

Encl.: As above

# FEROZE1888 MILLS LIMITED
# NOTICE OF EXTRA-ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extra-Ordinary General Meeting (the "EOGM") of the Members of Feroze1888 Mills Limited (the "Company") will be held on Thursday, July 20, 2023 at 09:30 a.m. at the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) Auditorium, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi / video link to transact the following businesses:

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To confirm the minutes of Annual General Meeting of the Company held on 26 October 2022.

2. To elect ten (10) Directors of the Company as fixed by the Board of Directors in their meeting in accordance with the provisions of Section 159 of the Companies Act, 2017 for the next term of three (3) years commencing July 20, 2023.

   The names of retiring Directors are as follows:

   1. Mr. Jonathan R. Simon
   2. Mr. Khaleequr Rahman
   3. Mr. Shabbir Ahmed
   4. Mr. Abdul Rehman Yaqub
   5. Mr. Perwez Ahmed
   6. Mr. Anas Rahman
   7. Mr. Zain Ashraf Mukaty
   8. Mr. Nasim Hyder
   9. Ms. Huma Pasha
   10. Ms. Aminah Zahid Zaheer

   Any person who seeks to contest the election of Directors must file a notice of his/her intention to offer himself/herself for election as a director, in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017, not later than fourteen (14) days before the date of the EOGM.

**SPECIAL BUSINESS:**

3. To approve the circulation of Annual Report (including the Audited Financial Statements, Auditor's Report, Directors' Report, Chairman's Review Report) to the Members of the Company through QR enabled code and weblink, in accordance with Section 223(6) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023.

   **"RESOLVED THAT** Feroze1888 Mills Limited (the "Company") be and is hereby authorized to circulate its Annual Report including Annual Audited Financial Statements, Auditor's Report, Directors' Report, Chairman's Review Report and other reports contained therein to the Members of the Company through QR enabled code and weblink."

4. To transact any other business with the permission of the Chair.

   The Statement of Material Facts is hereby annexed with the Extraordinary General Meeting notice.

By Order of the Board

(Mudassir Moten)
Company Secretary

Karachi
June 23, 2023

Notes:

1. Share Transfer Books of the Company will remain closed from Friday, July 14, 2023 to Thursday, July 20, 2023 (both days inclusive). Transfer received at the office of Share Registrar at the close of business on Thursday, July 13, 2023 will be considered in time for the purpose of attending and voting at the EOGM.

2. A member of the Company entitled to attend and vote at this meeting may appoint a proxy to attend, speak and vote instead of him/her. A proxy must be a member of the company. An instrument appointing a proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a notarially certified copy of such power of authority to be valid must be received at the Registered Office of the Company or at the Office of the Share Registrar not later than forty eight hours before the time for the Meeting. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy. If a member appoints more than one proxy and more than one instrument of proxy are deposited by a member with the Company, all such instruments shall be rendered invalid. The proxy shall produce his/her Original National Identify Card or Passport to prove his/her identity.

3. Members are requested to submit copies of their CNICs and promptly notify any change in their address by writing to the office of the registrar.

4. Members should quote their Folio/CDC number in all correspondence and at the time of attending the Meeting.

5. Any person (including a retiring director) who seeks to contest the election of Directors shall file with the Company at its registered office H-23/4A, Scheme No. 3 Landhi Industrial Area, Karachi not later than fourteen (14) days before the date of EOGM:

   - Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of Directors in terms of section 159(3) of the Companies Act, 2017;
   - Consent to act as Director under section 167(1) of the Companies Act, 2017 on a duly filled and signed Form 28;
   - Detailed profile along with office address to be placed on the Company's website seven days prior to the date of election in term of SECP's SRO 1196(1)/2019 of dated 3rd October 2019.
   - Details of directorships in other companies with date;
   - A signed declaration confirming that:
     a. He/She is aware of his/her duties and powers under the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, Memorandum and Articles of Association of the Company and other relevant laws and regulations;
     b. He/She is not ineligible to become a Directors of a Listed Company under the provisions of the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and other applicable laws/regulations.
   - Copy of valid CNIC or Passport (in case of a foreign national) alongwith NTN and Folio Number/CDC Account or Sub Account number.

   **Additional Documents for Candidates Intending to Contest the Election as an Independent Director**

   Independent Director(s) will be elected in terms of section 159 of the Companies Act 2017 and they shall meet the criteria laid down in section 166(2) of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Director) Regulations, 2018.

   - Declaration of Independence under Regulation 6(3) of the Listed companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019;
   - Undertaking on non-judicial stamp paper that he / she meets the requirements Regulation 4(1) of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

   The final list of contesting directors will be circulated not later than seven (7) Days before the date of EOGM in terms of Section 159(4) of the Companies Act, 2017. Further, the website of the Company will also be updated with the required information.

6. The shareholders interested in attending the General Meeting through video link facility ("Zoom" which can be downloaded from Google Play or Apple App Store) are requested to get themselves registered with the Company Secretary office at least two working days before the holding of the time of the EOGM at secretary@feroze1888.com or through share registrar of the company M/s. FAMCO Associates (Pvt.) Ltd, 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery Block-6, PECHS, Shahrah-e-Faisal, Karachi by providing the following details:

| Name of Shareholders | CNIC No. | Folio / CDC | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

- Upon receipt of the above information from interested shareholders, the Company will send the login details at their email addresses.
- On the EOGM day, the shareholders will be able to login and participate in the EOGM proceedings through their smart phone or computer devices from any convenient location.
- The login facility will be opened twenty (20) minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after identification and verification process.

7. Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 read with Section 143 and 144 of the Companies Act, 2017, Members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot that is voting by post or electronic mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid Regulations.

8. Members are requested to have their updated email and cell number incorporated in their physical folio with the Share Registrar of the Company and with their Participant or Broker / CDC Investor Account Services for shares held in electronic form.

9. The notice of EOGM has also been posted on the Company's website.

10. Section 72 of the Companies Act 2017 requires all companies to replace shares issued in physical form to book-entry form within four years of the promulgation. The shareholders having physical shares are encouraged to convert their shares into book-entry form at the earliest. The shareholders of the Company may contact the Share Registrar, namely M/s. Famco Associates (Pvt.) Ltd for the conversion of physical shares into book-entry form.

11. **GUIDELINES FOR CDC ACCOUNT HOLDERS ISSUED BY SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**

**for personal attendance:**

(i) In case of individual, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original National Identity Card at the time of attending the meeting.

(ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**for appointing proxy:**

(i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

(ii) The proxy must be witnessed by two persons whose names, addresses and Computerized National Identity Card (CNIC) number shall be mentioned on the form.

(iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and of the proxy shall be furnished with the proxy form.

(iv) The proxy shall produce his/her Original CNIC or Original Passport at the time of the meeting.

(v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless is has been provided earlier) alongwith proxy form to the Company.

**Registered Office**
Feroze1888 Mills Limited
H-23/4A, Scheme # 3
Landhi Industrial Area, Karachi

**Share Registrar**
FAMCO Associates (Pvt.) Ltd
8-F, Next to Hotel Faran, Nursery
Block-6 PECHS, Shahrah-e-Faisal, Karachi

## STATEMENT UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

**Agenda No. 2:**

The Term of office of the current directors of the Company will expire on July 19, 2023. In accordance with Section 159(1) of the Companies Act, 2017, the Board of Directors have fixed the numbers of Directors to be elected at the EOGM at ten (10), to hold the office of Director for a period of three (3) years commencing July 20, 2023.

Section 166 of the Companies Act, 2017 requires that a statement of material facts is annexed to the notice of the general meeting called for the purpose of election of directors which shall indicate the justification for choosing the appointee for appointment as independent director.

Accordingly, it will be ensured that the independent directors to be elected will meet the criteria set out for independence under provisions of the Companies Act, 2017, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 and their names are listed on the data bank of independent directors maintained by Pakistan Institute of Corporate Governance duly authorized by SECP. Appropriate competency, diversity, skill set knowledge and experience of the contestants shall also be assessed during the finalization of independent directors.

No directors have direct or indirect interest in the above said business, except as shareholders and that they may consent for election of directors accordingly.

## STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

**Agenda No. 3:**

**Circulation of Annual Audited Financial Statements through QR enabled code and weblink**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its Notification No. S.R.O. 389(1)/2023 dated 21 March 2023 has allowed the companies to circulate the Annual Audited Financial Statements to its Members/Shareholders through Quick Response (QR) enabled code and weblink instead of through CD/DVD/USB. The notice of meeting shall be dispatched to Members as per requirements of the Companies Act, 2017 on their registered address, containing the QR code and the weblink address to view and download the Annual Audited Financial Statements together with the Reports and documents required to be annexed thereto under the Companies Act 2017.

Considering the optimum use of advancements in technology and in order to fulfil the Company's corporate social responsibility to the environment and sustainability, Members approval is sought for the circulation of the Annual Report (including Annual Audited Financial Statements and other reports contained therein) to the Members of the Company through QR enabled code and weblink in accordance with S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023.

# فیروز 1888 ملز لمیٹڈ

## غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ فیروز 1888 ملز لمیٹڈ کے ممبران کا غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) بروز جمعرات مورخہ 20 جولائی 2023 کو بوقت صبح 9:30 بجے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) آڈیٹوریم، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی پر منعقد کیا جائیگا اور بذریعہ ویڈیو لنک مندجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

### عمومی امور

ا۔ مورخہ 26 اکتوبر 2022ء کو منعقد سالانہ اجلاسِ عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کی دفعات کے مطابق 20 جولائی 2023 سے شروع ہونے والی تین (3) سال کی اگلی مدت کے لیے مقرر کردہ کمپنی کے دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسٹر جوناتھن آر سائمن | 2۔ جناب خلیق الرحمٰن | 3۔ جناب شبیر احمد | 4۔ جناب عبدالرحمٰن یعقوب |
| 5۔ جناب پرویز احمد | 6۔ جناب انس رحمان | 7۔ جناب زین اشرف مکاتی | 8۔ جناب نسیم حیدر |
| | 9۔ محترمہ ہما پاشا | 10۔ محترمہ آمنہ زاہد ظہیر | |

کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑنا چاہتا ہے اسے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس، EOGM کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے دائر کرنا چاہیے۔

### خصوصی امور

3۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (6)223 ملاکر پڑھیں، S.R.O.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے اراکین کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) کی سرکولیشن کی منظوری دینا۔

"قرار پایا کہ فیروز 1888 ملز لمیٹڈ (" کمپنی ") اپنی سالانہ رپورٹ بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں، آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور اس میں موجود دیگر رپورٹس QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے اراکین کو بھیجنے کی مجاز ہے۔

4۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی

مادی حقائق کا بیان نوٹس غیر معمولی اجلاس عام کے ہمراہ لف ہے۔

**بحکم بورڈ**

**(مدثر موٹن)**

**کمپنی سیکرٹری**

کراچی

مورخہ 23 جون، 2023

ا۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز جمعہ 14 جولائی 2023ء تا جمعرات 20 جولائی 2023ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مورخہ 13 جولائی 2023ء بروز جمعرات کو کاروبار کے اختتام تک شیئر رجسٹرار کی آفس پر موصول ہونے والی منتقلیاں EOGM میں شرکت اور رائے دہی کی نامزدگی کے مقصد کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

۲۔ کمپنی کا ایک رکن جو اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہوگا، وہ اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، گفتگو اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے کو اپنا مجاز مقرر کرسکتا ہے، مجاز فرد لازمی طور پر کمپنی کا رکن ہونا چاہئے، مجاز مقرر کئے جانے والے دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر ہو) کہ جس کی جانب سے وہ دستخط شدہ ہو یا اس پاور آف اتھارٹی کی notarially سرٹیفائیڈ کاپی اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئر رجسٹرار کے دفتر میں موصول ہو جانی چاہئے، ایک رکن ایک سے زائد مجاز مقرر کرنے کا حقدار نہیں، اگر کوئی رکن ایک سے زائد مجاز مقرر کرے گا یا مجاز فرد سے متعلق ایک سے زائد دستاویز کمپنی میں جمع کرائے گا ایسی تمام دستاویز ناقابلِ عمل تصور ہوں گی۔ مجاز فرد کو اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

۳۔ ممبران سے استدعا ہے کہ اپنے CNIC کی کاپی جمع کرادیں اور پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں رجسٹرار کے آفس کو تحریری طور پر فوری مطلع کریں۔

۴۔ اجلاس میں شرکت کے وقت اور تمام ترخط وکتابت میں ممبران اپنا فولیو / سی ڈی سی نمبر درج کریں۔

۵۔ کوئی بھی شخص (بشمول ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر) جو ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑنا چاہتا ہے، کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ آفس H-23/4A، اسکیم نمبر 3 لانڈھی انڈسٹریل ایریا، کراچی میں EOGM کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) چودہ دن پہلے داخل کرائے گا:

- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنے آپ کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس؛
- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)167 کے تحت صحیح طریقے سے پُر اور دستخط شدہ فارم 28 پر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی؛
- SECP کے SRO1196(1)/2019 مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے تحت الیکشن کی تاریخ سے سات دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھنے کے لئے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل۔
- دیگر کمپنیوں میں ڈائریکٹرشپ کی تفصیلات معہ تاریخ؛
- ایک دستخط شدہ اعلامیہ جو اس بات کی تصدیق کرتا ہو کہ:

a۔ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی رول بک، کمپنی کی میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے واقف ہے؛

b۔ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور دیگر قابل اطلاق قوانین/ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نا اہل نہیں ہے۔

- کارآمد CNIC یا پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی شہری کی صورت میں) معہ NTN اور فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ نمبر۔

**ایک آزاد ڈائریکٹر کے طور پر الیکشن لڑنے کا ارادہ رکھنے والے امیدواروں کے لیے اضافی دستاویزات**

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے مطابق کیا جائے گا اور وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب کا طریقہ اور انتخاب) ریگولیشن، 2018 پر پورا اتریں گے۔

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ضابطہ (3)6 کے تحت آزادی کا اعلان؛
- غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ضابطہ (1)4 کو پورا کرتا ہے۔

امیدواران ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (4)159 کے مطابق EOGM کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے جاری کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ بھی ضروری معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ کی جائے گی۔

۶۔ شیئر ہولڈرز جو اجلاسِ عام میں ویڈیو لنک سہولت (زوم) کے ذریعے شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں جو کہ گوگل پلے اسٹور اور ایپل اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ ان سے درخواست ہے کہ کمپنی سیکریٹری کے آفس میں EOGM کے انعقاد سے کم از کم دو کاروباری روز قبل ای میل secretary@feroze1888.com پر یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع F-8 متصل ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، PECHS شاہراہِ فیصل کراچی میں مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے اپنا اندراج کرالیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | CNIC نمبر | فولیو/سی ڈی سی | موبائل نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

- خواہشمند شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا تفصیلات کی وصولی کے بعد کمپنی لاگ ان تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کردے گی۔
- EOGM کے موقع پر شیئر ہولڈرز بذریعہ اپنے اسمارٹ فون اور کمپیوٹر آلات سے اپنے سہولت کے مقام سے EOGM کی کاروائی میں لاگ ان کر کے شرکت کر سکتے ہیں۔
- لاگ ان سہولت اجلاس کے وقت سے 20 منٹ قبل کھول دی جائیگی تاکہ شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد شرکاء کی اجلاس میں شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔

۷۔ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 143 اور 144 کی ضروریات اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کی لاگوشق کے تحت ممبران اپنے پوسٹل بیلٹ جو کہ بذریعہ ڈاک یا ای۔ووٹنگ کے حق کا مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل تقاضوں اور طریقہ کے مطابق استعمال کرسکتے ہیں۔

۸۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے مادی فولیو میں اپنے ای میل اور سیل نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ہاں اور الیکٹرونک شکل میں حصص رکھنے کی صورت میں اپنے پارٹیسپنٹ یا بروکر/سی ڈی سی انویسٹر سروسز کے ہاں اپ ڈیٹ کریں۔

۹۔ EOGM کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی رکھ دیا گیا ہے۔

۱۰۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام کمپنیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ فزیکل شکل میں جاری کردہ شیئرز کو اعلان کے چار سالوں کے اندر بک انٹری شکل میں تبدیل کریں۔ فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری شکل میں تبدیل کرائیں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز، شیئر رجسٹرار یعنی میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

۱۱۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات برائے سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز

**برائے انفرادی شرکت:**

i۔ انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا/اور جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہیں، انہیں اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

ii۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔ (اگر پہلے فراہم نہ کیا ہو)۔

**برائے پراکسی کی تقرری:**

i۔ انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر، سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کیمطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہوں انہیں مذکورہ بالا ضروریات کے تحت پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

ii۔ پراکسی دو افراد کی گواہی پر مشتمل ہو جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں۔

iii۔ نامزد، مالکان کی پاسپورٹ یا شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔

iv۔ اجلاس کے موقع پر پراکسی کو اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع دستخط کا نمونہ پراکسی کے ہمراہ کمپنی کو جمع کرانا ہوگا۔ (اگر پہلے فراہم نہ کیا ہو)

| **رجسٹرڈ آفس:** | **شیئر رجسٹرار:** |
|---|---|
| فیروز 1888 ملز لمیٹڈ | FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| H-23/4A، اسکیم 3 | 8-F فاران ہوٹل کے فوری بعد، نرسری، بلاک 6، |
| لانڈھی انڈسٹریل ایریا، کراچی | PECHS، شاہراہِ فیصل، کراچی |

**کمپنیوں کے ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان**

**ایجنڈا نمبر 2:**

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کی مدت ملازمت 19 جولائی 2023 کو ختم ہو جائے گی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے، 20 جولائی 2023 سے شروع ہونے والے تین (3) سال کی مدت کے لیے ڈائریکٹر کا عہدہ رکھنے کے لیے EOGM میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد دس (10) طے کی ہے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کا تقاضا ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے بلائے گئے اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ مادی حقائق کا بیان منسلک ہے جو خود مختار ڈائریکٹر کے طور پر تقرری کے لیے تقرری کے انتخاب کے جواز کی نشاندہی کرے گا۔

اس کے مطابق، اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹر کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018) کی دفعات کے تحت آزادی کے لیے مقرر کردہ معیار پر پورا اتریں گے اور ان کے نام SECP کی طرف سے باقاعدہ مجاز پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک پر درج ہیں۔ آزاد ڈائریکٹرز کو حتمی شکل دینے کے دوران مقابلہ کرنے والوں کی موزوں قابلیت، تنوع، مہارت کے سیٹ کے علم اور تجربہ کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

کسی بھی ڈائریکٹر کی مذکورہ امور میں براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے، سوائے شیئر ہولڈرز کے اور وہ اس کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنی رضامندی دے سکتے ہیں۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

**ایجنڈا نمبر 3:**

**QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر S.R.O.389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے کمپنیوں کو USB / DVD / CD کے بجائے کوئیک رسپانس (QR) فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے اراکین/حصص داروں کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ اجلاس کا نوٹس ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کے تقاضوں کے مطابق ان کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجا جائے گا، جس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت QR کوڈ اور ویب لنک ایڈریس پر مشتمل سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو دیکھنے اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے رپورٹس اور دستاویزات کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔

ٹیکنالوجی میں پیشرفت کے زیادہ سے زیادہ استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ماحولیات اور پائیداری کے لیے کمپنی کی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے، اراکین کو سالانہ رپورٹ (بشمول سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور اس میں موجود دیگر رپورٹس) کی ترسیل کے لیے S.R.O.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے کمپنی کے اراکین کی منظوری طلب کی جاتی ہے۔